تبصرہ نگار: ح۔ح

تعارف وتبصرہ

تبصرہ کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ کتابچہ نمار سالوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

مثالی استاذ (حصہ دوم)

مولف: مولانا محمد حنیف عبدالمجید، ناشر: بیت العلم ٹرسٹ کراچی، صفحات: ۳۳۲، قیمت: درج نہیں۔

استاذ اپنے شاگرد کے لیے بہت کچھ ہوتا ہے اور اس بہت کچھ کا مفہوم جتنا وسیع ہے، اسے چند سطروں سمیٹنا ممکن نہیں! وہ معلم ہے، مربی ہے، شفیق باپ اور مہربان دوست ہے اور ان خوبیوں کا جامع ایک مثالی استاذ وہی ہو سکتا ہے جو اپنے منصب کے تقاضوں کی رعایت کرے۔ ایک باکردار استاذ کو کن صفات کا حاصل ہونا چاہیے اور اس کے منصب کے کیا تقاضے ہیں، زیر تبصرہ کتاب میں مولف نے اس موضوع پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔

مولف لکھتے ہیں:

> ”پہلے زمانہ میں طلبہ اپنے اساتذہ کرام سے صرف علم ہی نہیں سیکھتے تھے، بلکہ ان کی صحبت میں رہ کر اپنے باطن کی اصلاح، تقوی، دیانت اور امانت کی تربیت بھی حاصل کرتے تھے جس سے ان میں دین کی باتیں آگے پہنچانے اور تبلیغ دین کی لگن پیدا ہوتی تھی، لیکن جیسے جیسے زمانہ گزرتا گیا اس تعلق میں کمی آتی رہی، اس کمی کو دور کرنے اور استاذ، شاگرد، کا آپس میں تعلق بہتر سے بہتر بنانے کے لیے بیت العلم ٹرسٹ نے کچھ عرصہ پہلے ”مثالی استاذ“ کو شائع کیا تھا...... جس میں اساتذہ اور ارباب مدارس کے فرائض منصبی کو خوش اسلوبی سے انجام دینے، تدریس کو بہتر سے بہتر انداز میں پیش کرنے، طلبہ کی استعداد بڑھانے اور ان کی اچھی تربیت کرنے کے لیے قرآن وحدیث کی روشنی میں بزرگان اسلاف کے نصیحت آموز واقعات بھی ہیں اور علمی لطائف بھی۔“

زیر تبصرہ کتاب اس سلسلے کا دوسرا حصہ ہے۔

کتاب کی طباعت معیاری، ٹائٹل خوبصورت اور کاغذ درمیانے درجہ کا ہے۔

طلباء کے لیے تربیتی واقعات

مولف: مولانا محمد ناصر درویش، ناشر: مکتبہ بیت العلم، اردو بازار، کراچی، صفحات: ۱۷۴، قیمت: درج نہیں۔

اس کتاب میں مولف نے طلباء کی اصلاح وتربیت اور ان کے جذبۂ علم کو مہمیز دینے کے لیے اکابر واسلاف رحمہم اللہ کے واقعات نقل کیے ہیں۔